© rasailojaraid.com

## جامعہ علوم اثریہ کا اعزاز

الحمدللہ، جامعہ علوم اثریہ کا گذشتہ 10 سالوں میں 2014ء تک یہ اعزاز رہا ہے کہ جامعہ کے 36 طلبا کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ہوا جہاں وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں، 2015 اور 2016ء میں بعض وجوہ کی بناء پر داخلہ نہ ہوسکا۔ امسال 2017ء میں جامعہ کے 4 خوش نصیب طلبا قاری اقدس حسین، روح اللہ، احسان اللہ اور عبدالودود کا داخلہ مدینہ یونیورسٹی میں ہو چکا ہے جو عنقریب اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے مدینہ یونیورسٹی روانہ ہونگے۔ ان شاءاللہ۔

## جامعہ علوم اثریہ جہلم میں طلبا کے مابین سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر انعامی تقریری مقابلہ اور عظیم الشان انعامی تقریب

مورخہ 17 جنوری بروز منگل دن 11 بجے جامعہ کے طلبا کے درمیان عظیم الشان تقریری مقابلہ شان صحابہ رضی اللہ عنہم کے موضوع پر ہوا، اس مقابلہ میں حافظ عدیل ہاشمی و قاری محمد شعیب (ثانیہ عالیہ) نے اول پوزیشن، حافظ عبدالمنان (ثالثہ ثانویہ) و ذوالقرنین (اُولی متوسطہ) نے دوسری پوزیشن جبکہ حافظ ذیشان مشتاق (ثانیہ عالیہ) و ذیشان عمران (اُولی ثانوی) نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس پروگرام میں انجمن اہل حدیث کے عہدیداران ارشد محمود زرگر، سیٹھی محمد ارشد، عمران صادق و محمود عدنان کے علاوہ سیٹھی شکیل احمد (رشید سنز) و دیگر احباب نے شرکت کی۔ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) نے اپنے خطاب میں طلبا کی تقاریر پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی محنت کو سراہا اور پوزیشن ہولڈر و مقابلے میں شریک طلبا کو قیمتی انعامات سے نوازا۔ نماز ظہر کے بعد سیٹھی شکیل احمد کی طرف سے مہمانوں، اساتذہ اور طلبا کو پُر تکلف ظہرانہ دیا گیا۔

## رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر و مولانا حافظ محمد عبداللہ کو صدمہ

مورخہ 5 جنوری بروز جمعرات رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے قریبی رشتہ دار اور مولانا حافظ محمد عبداللہ کے چچازاد بھائی عبداللہ بن شاہ محمد روڈ ایکسیڈینٹ سے فیصل آباد میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی جس میں جہلم سے مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق، مفتی محمد شفیع، قاری عبدالرشید، مولانا بشیر حسن اور علی اسد یحییٰ نے شرکت کی۔



© rasailojaraid.com